UNDP

Empowered lives.
Resilient nations.



# ہراسیت، جنسی ہراسیت، امتیاز اور اختیارات کا غلط استعمال

یواین ڈی پی نے کام کرنے کے لئے ایسا ماحول پیدا کرنے اور اسے برقرار رکھنے کا تہیہ کر رکھا ہے جس میں تمام افراد کے بنیادی عزت و وقار کا احترام کیا جائے، انہیں اپنی بھرپور استعداد بروئے کار لانے کے مواقع ملیں اور وہ اس قدر بااختیار ہوں کہ یواین ڈی پی اور ان لوگوں، جن کے لئے ہم کام کر رہے ہیں، کے لئے بہترین نتائج یقینی بنا سکیں۔ یواین ڈی پی کے لئے کام کرنے والے ہر فرد کو پورا حق حاصل ہے کہ اس کے ساتھ عزت و وقار پر مبنی سلوک کیا جائے اور وہ ایسے محفوظ ماحول میں کام کر سکے جو ہراسیت، جنسی ہراسیت، بدسلوکی اور امتیاز سے پاک ہو۔ یواین ڈی پی کسی بھی طرح کی ہراسیت، جنسی ہراسیت، امتیاز اور اختیارات کے غلط استعمال کو برداشت نہیں کرتا اور نہ ہی کرے گا۔ اس طرح کے طرزِ عمل کا مظاہرہ کرنے والے یواین ڈی پی عملہ کے رکن کے خلاف مناسب انتظامی، انضباطی اور کنٹریکٹ کے مطابق اقدامات کئے جائیں گے جن میں ملازمت سے برطرفی بھی شامل ہوسکتی ہے۔




## خاموش نہ بیٹھیں۔

اگر آپ جنسی ہراسیت کا شکار ہیں یا اس کے گواہ ہیں تو ہم آپ کی مدد کریں گے۔

## یواین ڈی پی عملہ کے ارکان کی ذمہ داریاں

یواین ڈی پی عملہ کے ارکان پر لازم ہے کہ وہ:

- دوسروں کا احترام کریں اور اعلیٰ ترین معیار کا طرزِ عمل اپنائیں۔
- ہم آہنگی پر مبنی کام کا ماحول برقرار رکھنے کے لئے ایسا طرزِ عمل اپنائیں جو دوسروں کے لئے کسی خوف، مخاصمت یا ناگواری کا باعث نہ بنے اور کسی بھی طرح کے ممنوعہ فعل سے اجتناب کریں۔
- یواین ڈی پی کی پالیسیوں سے آگاہی حاصل کریں اور ان باتوں کو سمجھیں جو ممنوعہ فعل کے زمرے میں آتی ہیں۔ اس کے علاوہ یواین ڈی پی عملہ کے ارکان ادارے کے طے کئے ہوئے اصولوں کے مطابق ممنوعہ فعل سے متعلق لازمی کورسز ضرور مکمل کریں۔
- اس طرح کے طرزِ عمل کی اطلاع دینے اور/یا اس سے نمٹنے کے لئے دستیاب مختلف طریقوں اور ادارے کے اندر کئے گئے اقدامات کے بارے میں آگاہی حاصل کریں۔
- رازداری کا خیال رکھیں اور اس پالیسی کے تحت ممنوعہ فعل کی اطلاعات پر تحقیقات کرنے والے افراد کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔

## مینجر اور سپروائزر صاحبان کی ذمہ داریاں

ممنوعہ فعل کو روکنے اور اس سے باز رکھنے کے لئے مینجر اور سپروائزر صاحبان پر خصوصی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں اور ان پر لازم ہے کہ:

- ہم آہنگی پر مبنی کام کا محفوظ ماحول پیدا کریں جو کسی کے لئے خوف، مخاصمت یا ناگواری کا باعث نہ بنے اور جس میں کسی بھی طرح کے ممنوعہ فعل سے اجتناب کیا جائے۔ یہ ماحول پیدا کرنے کے لئے مینجر اور سپروائزر صاحبان کو مثالی کردار کا روپ دھارنا ہوگا اور اخلاقیات کے اعلیٰ ترین معیار کی پاسداری کرنا ہوگی۔
- یواین ڈی پی عملہ کے تمام ارکان کو موجودہ پالیسی کے بارے میں آگاہ کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ وہ متعلقہ لازمی کورسز مکمل کریں اور ان کے سرٹیفکیٹ حاصل کریں اور یواین ڈی پی عملہ کے ارکان اور بیرونی عملہ کے لئے معاون کا کردار ادا کریں۔
- موجودہ پالیسی کی رو سے ممنوعہ فعل کے مبینہ واقعات کی اطلاع دیں، ان پر کارروائی کریں اور اسے آگے بڑھائیں۔
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ ممنوعہ فعل کے واقعات پر طے شدہ مناسب طریقوں سے فوری کارروائی کی جائے۔ ایسے واقعات کی صورت میں مینجر اور سپروائزر صاحبان انصاف پسندی اور غیر جانبداری سے کام لیں اور کسی قسم کے خوف اور اقرباپروری کے بغیر کارروائی کریں۔ مینجر صاحبان تحقیقات سے پہلے کوئی الزامات عائد کرنے کی کوشش نہ کریں۔
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ اس سلسلے میں تمام تر گفتگو، مراسلوں اور اقدامات پر انتہائی احتیاط سے کام لیا جائے اور رازداری کا پورا پورا خیال رکھا جائے۔
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ یواین ڈی پی عملہ کے کسی رکن کے خلاف انتقامی کارروائی کی روک تھام کے لئے مناسب اقدامات کئے جائیں۔

اگرچہ یواین ڈی پی عملہ کے ارکان پر آپس میں رضامندی سے قریبی تعلقات رکھنے کی ممانعت نہیں ہے لیکن مینجر اور سپروائزر صاحبان کو اس بات کا خیال رکھنا چاہئے کہ یہ تعلقات اس صورت میں مناسب نہیں رہتے جہاں ایک شخص دوسرے کا مینجر ہو یا اس کے بارے میں انتظامی فیصلے کر رہا ہو، اختیارات یا رپورٹنگ کے معاملے میں ایک شخص دوسرے کا ماتحت ہو یا کسی ایسی پوزیشن میں ہو کہ جہاں مفادات کا کوئی تصادم پیدا ہونے کا خدشہ ہو۔ ایسے کسی تعلق کی صورت میں فریقین پر لازم ہے کہ وہ مینجمنٹ میں اپنے سینئر کو اس تعلق کے بارے میں تحریری طور پر آگاہ کریں اور اس سلسلے میں 'ایتھکس آفس' سے مشورہ لیں۔

## ممنوعہ فعل کی اطلاع

- ممنوعہ فعل کی اطلاع دینے کے لئے یواین ڈی پی یا بیرونی عملہ کے رکن کو چاہئے کہ وہ دفتر محتسب سے رابطہ کرے جو انہیں موجودہ پالیسی کے تحت ممکنہ طریقوں پر رہنمائی فراہم کرے گا۔ دفتر محتسب سے رابطہ کرنے پر یواین ڈی پی عملہ کا یہ حق متاثر نہیں ہوگا کہ وہ کسی بھی وقت او اے آئی کو باضابطہ شکایت دائر کر سکتے ہیں۔ جنسی ہراسیت کی اطلاع اس سلسلے میں قائم کی گئی ہیلپ لائن پر بھی دی جا سکتی ہے جہاں سے ضابطے کی کارروائی کے بارے میں رہنمائی اور کونسلنگ فراہم کی جائے گی۔
- متبادل طریقے کے طور پر یواین ڈی پی عملہ کے ارکان براہ راست او اے آئی سے رابطہ کر سکتے ہیں۔
- جنسی ہراسیت کی اطلاع دینے کے لئے کوئی مقررہ مدت نہیں ہے۔
- او اے آئی ممنوعہ فعل کی شکایات کا ابتدائی تجزیہ اور تحقیقات کرنے کا ذمہ دار ہے۔

## یواین ڈی پی کی ذمہ داریاں

- یواین ڈی پی اس بات کا اہتمام کرے گا کہ مناسب معلوماتی ذرائع یواین ڈی پی عملہ کے ارکان کی پہنچ میں ہوں تا کہ اس پالیسی کی اہم دفعات، طرز عمل کے معیارات، اقدار اور اس کی مختلف اقسام کے بارے میں آگاہی یقینی بنائی جا سکے۔
- ممنوعہ فعل کی اطلاع ملنے پر یواین ڈی پی بروقت اور مناسب اقدام کو یقینی بنائے گا جس میں شکایت کرنے والے کا تحفظ اور فلاح بھی شامل ہے۔
- ممنوعہ فعل کی اطلاع دینے والا یواین ڈی پی عملہ کا کوئی رکن جب انتقامی کارروائی سے تحفظ کی درخواست کرے تو یواین ڈی پی اس کے تحفظ کے لئے مناسب اور بروقت اقدام کرے گا۔ اس سلسلے میں کسی ایسی کارروائی، جس کے بارے میں الزام عائد کیا گیا ہو کہ یہ انتقامی ہے، کو عارضی یا مستقل طور پر معطل کیا جا سکتا ہے اور شکایت کرنے والے یا ملزم کا عارضی یا مستقل تبادلہ بھی کیا جا سکتا ہے۔ یواین ڈی پی عملہ کا کوئی رکن انتقامی کارروائی میں ملوث پایا گیا تو ضرورت پڑنے پر اس کے خلاف انضباطی کارروائی کی جائے گی۔

## شکایت کنندہ کی ذمہ داریاں

- اس پالیسی کے تحت بے نامی شکایت جمع کرائی جا سکتی ہے۔ شکایت کنندہ کو معلوم ہونا چاہئے کہ بے نامی اطلاع کی صورت میں تحقیقاتی افسران کے لئے بہترین کوشش کے باوجود الزامات کی مکمل تحقیقات کرنا زیادہ مشکل ہو جاتا ہے۔
- شکایت نیک نیتی کے ساتھ کی جائے یعنی ممنوعہ فعل کے الزامات کی اطلاع دینے والے شخص کو معقول حد تک یقین ہو کہ ناروا فعل واقعی کیا گیا ہے۔ جان بوجھ کر تحریری یا زبانی طور پر غلط اطلاع دینا ناروا فعل کے زمرے میں آتا ہے جس پر انضباطی کارروائی کی جا سکتی ہے۔

دفتر محتسب اقوام متحدہ فنڈز اینڈ پروگرامز

304 ایسٹ، 45 سٹریٹ، چھٹی منزل، کمرہ FF-671، نیویارک، NY 10017، امریکہ

ویب سائٹ: http://fpombudsman.org/

فون: +1 646 781 4083 فیکس: +1 212 906 6281

ای میل: ombudsmediation@fpombudsman.org

ایتھکس آفس

ہیلپ لائن: +1-212-909-7840 فیکس: +1-212-906-6153

ویب سائٹ: http://www.undp.org/content/undp/en/home/accountability/ethics.html

ای میل: ethicsoffice@undp.org سکائپ: ethics.office.undp

دفتر آڈٹ اینڈ انوسٹی گیشن

آن لائن ریفرل فارم: https://wrs.expolink.co.uk/UNDPhelpline

فون: 00800 900 44181 (برائے پاکستان)

بذریعہ ای میل: reportmisconduct@undp.org

بذریعہ ڈاک: ڈپٹی ڈائریکٹر (انوسٹی گیشنز)، آفس آف آڈٹ اینڈ انوسٹی گیشنز، ون یواین پلازہ، نیویارک، NY 10017، امریکہ

او ایچ آر

ہراسیت، جنسی ہراسیت، امتیاز اور اختیارات کے غلط استعمال پر یواین ڈی پی پالیسی کے بارے میں عام استفسارات بذریعہ ای میل اس پتہ پر بھجوائے جا سکتے ہیں:

harassment.ohrfocalpoint@undp.org